نبی ﷺ مسجد میں تشریف لے گئے، تو ایک شخص مسجد میں داخل ہوا، اس نے نماز پڑھی، پھر آپ کے پاس آیا اورسلام کیا، آپ نے فرمایا: ”جاؤ پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی“

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ مسجد میں تشریف لے گئے، تو ایک شخص مسجد میں داخل ہوا، اس نے نماز پڑھی، پھر آکر نبی ﷺ کو سلام کیا، تو آپ نے فرمایا: ”لوٹ جاؤ، پھر نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی“، اس نے لوٹ کر (دوبارہ) نماز پڑھی جیسے پہلے پڑھی تھی، پھر آیا اور نبی ﷺ کو سلام کیا، تو آپ ﷺ نے (پھر) فرمایا: ”لوٹ جاؤ، پھر نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی“ (اسی طرح) تین مرتبہ (ہوا) تو اس شخص نے کہا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اس سے بہتر (نماز) نہیں پڑھ سکتا ہوں لہٰذا آپ مجھے سکھا دیجیے، آپ ﷺ نے فرمایا: ”جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو تکبیر کہو، پھر جتنا قرآن تم آسانی سے پڑھ سکتے ہو پڑھو، پھر رکوع کرو یہاں تک کہ رکوع میں تمھیں اطمینان حاصل ہو جائے، پھر سر اٹھاؤ یہاں تک کہ سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ سجدے میں تمھیں اطمینان حاصل ہو جائے، پھر سر اٹھاؤ، یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ اور اپنی پوری نماز میں اسی طرح کرو“

[صحیح] [متفق علیہ]

نبی ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لے گئے، تو ایک صحابی رضی اللہ عنہ جن کا نام خلاد بن رافع تھا ،مسجد میں آئے اور ہلکی نماز پڑھی جس میں مکمل طور پر تمام اقوال وافعال کی ادائیگی نہیں کی، جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا، آپ نے سلام کا جواب دیا، پھر ان سے فرمایا: لوٹ جاؤ پھر نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، وہ لوٹ گئے اور دوبارہ اسی طرح نماز پڑھی جس طرح پہلے پڑھی تھی، پھر نبی ﷺ کے پاس آئے، تو آپ ﷺ نے ان سے کہا: لوٹ جاؤ، پھر نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، اسی طرح تین مرتبہ ہوا، وہ صحابی قسم کھا کر عرض کیا: اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا، میں نے جس طرح نماز پڑھی ہے اس سے بہتر نہیں پڑھ سکتا، لہٰذا آپ مجھے سکھا دیجئے، جب ان کے اندر سیکھنے کا شوق اور جذبہ پیدا ہوگیا اور وہ صحیح طریقہ نماز جاننے کے لیے بالکل آمادہ ہوگئے، نیز بار بار لوٹانے کے بعد ان کے بھولنے کا احتمال بھی ختم ہوگیا، تو آپ ﷺ نے ان سےفرمایا: (جس کا مفہوم یہ ہے کہ) جب تم نماز کے لیے کھڑے ہو تو تکبیر تحریمہ کہو، پھر سورہ فاتحہ پڑھنے کے بعد جتنا قرآن تم آسانی سے پڑھ سکتے ہو پڑھو، پھر رکوع کرو یہاں تک کہ اطمینان سے رکوع کرلو، پھر رکوع سے اٹھو یہاں تک کہ اطمینان کے ساتھ سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کرلو، پھرسجدے سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ اور ان اقوال وافعال کی ادائیگی اسی طرح پوری نماز میں کرو سوائے تکبیر تحریمہ کے، کیونکہ تکبیر تحریمہ پہلی رکعت کے علاوہ کسی اور رکعت میں نہیں ہے اور ”مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ“ (یعنی جتنا قرآن سے آسان ہو) سے مراد کم سے کم سورہ فاتحہ ہے، یہ بات اسی حدیث کی دوسری روایات اور دوسرے دلائل سے مأخوذ ہے